فی جنسہ او نوعہ مخصوصہ و دو نہما اعتبر نوعہا فی نوعہ و دونہ ما اعتبر نوعہا فی جنسہ۔

امید ہے اس رسالے کے ناشر حضرات آئندہ تصحیح کا خاص خیال رکھیں گے۔

ترتیل القرآن

مؤلفہ مولانا حافظ محمد یحییٰ صاحب عزیز بیر محمدی۔ صفحات ۲۲۔ سائز ۱۸×۲۲/۸۔ قیمت ۶ر۔

شائع کردہ :۔ دارالعلوم ضیاء السنۃ راجہ جنگ ضلع لاہور۔

بچوں کے لئے قرآن مجید کی تعلیم کے ابتدائی قاعدے بے شمار لکھے گئے ہیں لیکن صالح نوجوان مولانا حافظ محمد یحییٰ صاحب کا قاعدہ ترتیل القرآن بعض اہم خصوصیتوں کا حامل ہے مثلاً یہ کہ اس میں ایسا طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ بچے شروع ہی سے حروف ہجا کے صحیح مخارج سے ادا کرنے کے عادی ہو جائیں جس کی ہمارے عام قرآن خوانوں میں بڑی خامی رہ جاتی ہے۔ ایک خصوصیت یہ بھی اس قاعدے کی ہے کہ اس میں قرآن مجید کے الفاظ درج کئے گئے ہیں تاکہ ہر حرف پر ثواب بھی حاصل ہو سکے جب کہ دوسرے مروجہ عربی قاعدوں میں بھرتی کے بے معنی الفاظ کی بھرمار ہوتی ہے۔ حافظ صاحب موصوف فارغ التحصیل عالم ہیں انہوں نے کئی سال چھوٹے بچوں کو تعلیم قرآن مجید (ناظرہ و حفظ) کے تجربے کے بعد تدریج کو ملحوظ رکھتے ہوئے یہ قاعدہ مرتب کیا ہے۔ لیکن قیمت زیادہ ہے۔

چھوٹے بچوں کی تعلیم کا خاص تجربہ نہ ہونے کی بنا پر ہماری رائے شاید ٹھوس تو نہ ہو تاہم عام اندازہ جو ہو سکا ہے اس کے مطابق قاعدہ ترتیل القرآن بہت مفید معلوم ہوتا ہے۔ ہماری رائے ہے کہ ابتدائی مکاتب میں اس کو رواج دینا چاہئے اس طرح تجربے کے بعد اگر عملی خامی بھی ہوگی تو نکل سکتی ہے۔

پاکستانی خواتین کا مقبول ترین مجلہ
ماہنامہ مسلمہ
۱۵ لیک روڈ لاہور

جو گزشتہ تیس برس سے پوری باقاعدگی سے شائع ہو رہا ہے۔ نہ صرف ایک دلآویز علمی اور ادبی مرقع ہے بلکہ آپکی بچیوں اور گھر کی خواتین کیلئے زندگی کا بہترین ساتھی اور مددگار بھی ہے۔ اسمیں شائع ہونے والے مضامین ہر لحاظ سے معیاری اور مخرب اخلاق عنصر سے یکسر پاک ہوتے ہیں۔

جنوری ۱۹۵۵ء میں ادارہ مسلمہ نہایت آب و تاب کے ساتھ "خاتون نمبر" شائع کر رہا ہے جو صوری اور معنوی خوبیوں کے لحاظ سے ایک مستقل یادگار ہوگا۔ اس خاص نمبر میں ملک کے تمام چوٹی کے ادیب اور مشہور شعرائے کرام شرکت کر رہے ہیں۔ یہ نمبر مستقل خریداروں کی خدمت میں مفت پیش کیا جائے گا۔

نئے لکھنے والے ادیب اور ادبی ذوق رکھنے والی خواتین کیلئے "حلقۂ ادب و تحریر" کی طرف سے تمام مضامین نظم و نثر کیلئے انعامات بھی تقسیم کئے جاتے ہیں تفصیلات کیلئے لکھئے۔ جواب کے لئے ایک آنے کا ٹکٹ آنا ضروری ہے۔

مینیجر ماہنامہ "مسلمہ" ۱۵ لیک روڈ لاہور